باب اوّل میں سرمد صہبائی کا تعارف اُن کی ادبی خدمات نجی زندگی سے لے کر عملی زندگی تک سب کچھ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ سرمد صہبائی چونکہ ڈراما نگار ہونے کے ساتھ ساتھ ایک کامیاب تھیٹر نگار اور شاعر بھی ہیں۔ سرمد صہبائی کی شخصیت اور ادبی خدمات پر مکمل روشنی ڈالنے کے لیے ان کو بطورِ شاعر، بطور تھیٹر نگار اور ٹی وی ڈراما نگار کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ مقالے کا موضوع چونکہ سرمد صہبائی کو بطور ٹی وی ڈراما کے ہر پہلوؤں کو اجاگر کرنا تھا۔ خاص طور پر مقالے کے موضوع کے مطابق سرصہبائی کے دو ٹی وی ڈرامے "مور محل" اور "جل پری" کا موضوعاتی و تجزیاتی جائزہ لیا گیا ہے۔ ان ڈراموں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سرمد صہبائی کو جو چیز اپنے ہم عصر ڈرامانگاروں سے منفرد کرتی ہے۔ اس پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

باب دوئم میں ڈراما کا آغاز و ارتقاسے لے کر موجودہ وقت تک کہ ٹی وی ڈراموں پر سرسری تبصرہ پیش کیا گیا ہے۔ ڈراما کی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے سب سے پہلے ٹی وی ڈراما کے آغاز اور نمایاں و مشہور ٹی وی ڈراموں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

اسی طرح مقالے کے تیسرے باب میں سرمد صہبائی کے ڈراما "جل پری" کا موضوعاتی و تجزیاتی جائزہ لیا گیا ہے۔ "جل پری" ڈرامے کا بنیادی موضوع "معاشی عدم مساوات" پر نظر ثانی کے ساتھ ساتھ دیگر ثانوی موضوعات کا بھی جائزہ لیا گیا ہے ڈرامے کی فنی خصوصیات خامیوں اور خوبیوں پر نظر ثانی کی گئی ہے۔

مقالے کے باب چہارم کی بات کریں تو اُس میں سرمد صہبائی کے ڈراما "مور محل" کا فنی و فکری جائزہ پیش کیا گیا ہے۔